سوال

صدقہ

جواب

کمپنی کی ڈش بیچ کر اسلامی کتب کی خریداری السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ میرے پاس کمپنی کی ڈش تھی جو سب کمرے والے استعمال کرتے تھے۔ میں نہیں دیکھتا تھا۔ میں نے گناہ ہونے کی وجہ سے بیچ دی، وہ پیسے کمپنی کے مالک تک پہنچانا بہت مشکل ہے۔ اگر ان پیسوں کی اسلامی کتابیں لے لوں سب کے پڑھنے کیلیے تو کیا یہ جائز ہوگا؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ کو یہ کام کمپنی کے کسی ذمہ دار کی اجازت سے کرنا چاہئے تھا اور اگر آپ خود ایسے عہدے پر موجود ہیں جہاں آپ ایسے فیصلے کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور کمپنی کی چیزوں کو آگے پیچھے کر سکتے ہیں تو پھر آپ کا یہ عمل بالکل درست ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ کوشش کریں کہ اس کی قیمت کمپنی کے مالک تک پہنچائیں اور اگر واقعی ایسی کوئی صورت ممکن نہ ہو جس سے آپ مالک تک پہنچا سکیں تو کمپنی کے ہی کسی کام میں لگا دیں۔ اور اگر کتابیں خریدنی ہیں تو وہ مالک یا کسی ذمہ دار کی اجازت سے ہی جائز ہو سکتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی